روڈ سیفٹی

40 کلومیٹر فی گھنٹہ اسکول زون

40 کلومیٹر فی گھنٹہ اسکول زون اسکولوں کے ارد گرد سڑکوں پر ٹریفک کی رفتار کم کرتے ہیں۔ اس کا مقصد بچوں کے اسکول آنے اور جانے کے اوقات اور جگہوں پر جہاں وہ اکثر زیادہ تعداد میں ہوتے ہیں ان کی حفاظت میں مدد کرنا ہے ۔ کم رفتار کی حد حادثے کے خطرے اور ممکنہ شدت کو کم کرتی ہے۔

40 کلومیٹر فی گھنٹہ اسکول زون صبح 8.00 سے صبح 9.30 بجے اور دوپہر 2.30 بجے سے شام 4.00 بجے تک لاگو ہوتے ہیں۔ NSW میں غیر معمولی اسکول زون اوقات کی ایک چھوٹی تعداد بھی موجود ہے۔ مقررکردہ اسکول زون کی حد رفتار پر عمل ہونا چاہیے چاہے اسکول کے بچے نظر نہ آرہے ہوں۔

40 کلومیٹر فی گھنٹہ اسکول زون اسکول کے تمام نوٹیفائیڈ دنوں میں لاگو رہتے ہیں بشمول اسٹاف ڈیولپمنٹ کے دنوں میں (طالب علموں کی چھٹی کے دنوں میں)۔ اگرچہ کچھ اسکول مختلف ٹرم تاریخوں پر کھلے ہوسکتے ہیں، لیکن NSW حکومت کی جانب سے مقرر کردہ اسکول ٹرم کے دوران اسکول زون کی رفتار کی حدوں پر عمل کرنا لازمی ہے۔

آپ درج ذیل ویب سائٹس پر اسکول ٹرم کی تاریخوں کو تلاش کر سکتے ہیں:

- **transport.nsw.gov.au/roadsafety**
- **education.nsw.gov.au**

40 کلومیٹر فی گھنٹہ اسکول زون کے بارے میں گاڑیاں چلانے والوں کی آگاہی بڑھانے کے لیے، تکونی 'اژدھے کے دانت' نما سڑک کے نشانات بتاتے ہیں کہ گاڑی اسکول زون میں داخل ہو رہی ہے۔

اگر مقرر کردہ اسکول زون کی رفتار کی حد پر عمل نہیں کیا جاتا ہےتوجرمانوں اور ڈیمیرٹ پوائنٹس کا نقصان ہوگا ۔ جرمانوں اور ڈیمیرٹ پوائنٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **transport.nsw.gov.au** ملاحظہ کریں۔

بچے آپ سے سڑک کو محفوظ طریقے سےاستعمال کرنے کی عادات سیکھتے ہیں اور جب وہ اکیلے سفر کرنے کے لیے کافی بڑے ہو جائیں گے تو وہ ان عادات کو جاری رکھیں گے۔

سڑک کے ماحول سے متعلق بچوں کو محفوظ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **safetytown.com.au** پر فیملیز سیکشن دیکھیں

اسٹاک کوڈ 45095377 جون 2024 © ٹرانسپورٹ برائے NSW

NSW کی سڑکوں پر بہت زیادہ جانیں ضائع ہوتی ہیں۔
ہمارا مقصد انہیں صفر بنانا ہے۔

TOWARDS ZERO

NSW GOVERNMENT